انڈیا فاؤنڈیشن فار دی آرٹس (آئی ایف اے)

آرٹس ریسرچ پروگرام کےلیے **پروپوزل کی درخواست** کا اعلان

درخواست کی آخری تاریخ : بدھ 16اگست 2023 وقت 11:59 بجے شب (IST)

آرٹس ریسرچ پروگرام اسکالرز ،محققین اور پریکٹیشنرس کو ہندوستان میں فنکارانہ طریقہ کار کی تواریخ کی تحقیق اور اس کے اظہار میں مشغول کرتا ہے۔ یہ پروگرام فنون کو وسیع تر نظریات ، تفہیمات ،تشریحات اور مشغولیات کو فروغ دینے کی کوشش کرتا ہے ۔

ہم اپنے آرٹس ریسرچ پروگرام میں آئی ایف اے کے تحت کیے جانے والے منصوبوں میں ان محققین اور پریکٹیشنرس سے پیشکش (پروپوزل) طلب کرتے ہیں جو تحقیقی منصوبوں کا بیڑااٹھانے کے خواہشمند ہیں۔ ان منصوبوں کے تحت پسماندہ یا نسبتاً غیر دریافت شدہ علاقوں کی چھان بین ، تھیوری اور پریکٹس کے درمیان مباحث کے لئے مواقع فراہم کرنا ، فنکارانہ طریقہ کارکے لئے نئے مواد کی فراہمی اور دیگر چیزوں کے ساتھ ساتھ نئے تصوراتی بنیادوں میں بین العلومی طریقہ کار استعمال کئے جاسکتے ہیں۔

تحقیقی منصوبونمیں واضح تحقیقی مقاصد ،گہرائی سے پس منظر کے معائنے، تنقیدی تحقیقی سوالات ، سیاق وسباق پر مبنی دقیق طریقہ کار اور ایسےمخصوص نتائج ہونے چاہئے جو عوامی سطح میں شیئر کیے جائیں گے ۔ نتائج کتابوں، مضامین ، فلموں،ویب سائٹس اور ملٹی میڈیا نمائشوں کی شکل میں ہوسکتے ہیں ۔

اس پروپوزل کی درخواست کے تراجم کو دیگر ہندوستانی زبانوں میں پڑھنے کے لیے کلک کریں here۔

پروجیکٹ کی مدت:

کم از کم **ایک سال** اور زیادہ سے زیادہ **18 ماہ**

بجٹ :

آپ -/5,00,000 روپیے تک کرسکے ہیں۔

آخری تاریخ :

بدھ , 16اگست 2023 ,وقت .11:59 بجے شب (IST)

درخواست کون دے سکتا ہے؟

یہ پروگرام تمام ڈسپلن کے انفرادی اسکالر، ریسرچرس اور پریکٹیشنرس کے لئے کھلا ہوا ہے۔

آگر آپ ہندوستانی شہری ہیں تو اپنی درخواست دینے کے اہل ہیں۔ آپ کے شرکا کا بھی ہندوستانی شہری ہونا لازمی ہے۔(اہلیت کے مزید اصول و ضوابط کے لئے یہاں کلک کریں here

درخواست کا طریقہ :

آپ کےحتمی پروپوزل میں درج ذیل شامل ہونا ضروری ہے۔

- **پیشکش کے مواد** میں تحقیق کے واضح مقاصد ، گہرائی کے ساتھ کیے جانے والے پس منظر کے معائنے ، تنقیدی تحقیقی سوالات ، سیاق وسباق پر مبنی دقیق طریقۂ کار اور مخصوص نتائج ہونے چاہئے ۔
- اگر کوئی **معاون مواد** ہے جو ہمیں آپ کے کام کی اہمیت احساس دلائے ۔
- آپ کا حیات نامہ (CV)
- **بجٹ کا جزوی جائزہ** جو بتائے کہ فنڈ کو کس طرح استعمال کیا جائے گا ۔ براہِ کرم دیگر ذرائع سے متعلق فنڈنگ کا بھی ذکر کریں۔اگر کوئی ہے تو؟

- آپ کا پتہ ، ٹیلی فون نمبر اور ای میل کاپتہ ۔

معلومات عام :

- بجٹ صرف پراجیکٹ سے متعلق ذاتی اخراجات ، کارکردگی اور سفر کے اخراجات کا ہی احاطہ کرے گا اور ان پیسوں کا استعمال ضروری اشیا کی خریداری یا کرائے پر لینے کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ اس بات کو بھی یقینی بنایا جائے کہ بجٹ کا معینہ حصہ اسی مد میں خرچ کیا جائے جس کے لئے مختص کیا گیا ہے۔
- آپ اعزازیہ کی درخواست کرسکتے ہیں لیکن بجٹ کے 35فیصد سے زیادہ نہیں۔
- براہِ کرم ادارہ جاتی اخراجات ،عمارت کے اخراجات یا بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے لیے بجٹ نہ بنائیں اور نہ ہی بجٹ سےآلات خریدنے کی اجازت ہوگی لیکن اگر آپ کو پراجیکٹ کے لیے سامان خریدنا ضروری ہے تو پراجیکٹ مکمل ہونے کے بعد اسے ای ایف اے کو واپس کرنا ہوگا۔

انتخاب کا عمل :

شارٹ لسٹ کردہ تجاویز کا ایک بیرونی پینل کے ذریعے جائزہ لیا جائے گا اور ایسے میں درخواست دہندگان کو پینل کے سامنے اپنے پروجیکٹ کے خیالات پیش کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے ۔عمل درآمد کے لیے منتخب کیے گئے منصوبوں کا اعلان **دسمبر 2023**میں کیا جائے گا ۔پروجیکٹ کے انتخاب پر (IFA) ای ایف اے کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

پروپوزل کا داخلہ:

آپ انگریزی سمیت کسی بھی ہندوستانی زبان میں اپنا پروپوزل لکھ سکتے ہیں ، آئی ایف اے انگریزی کے علاوہ ہندوستانی زبانوں میں پروجیکٹس کی

حوصلہ افزائی کرتا ہے تاکہ آئی ایف اے مختلف زبانوں کے سیاق وسباق کی گفتگو میں حصہ لے سکے۔

اگر آپ اپنی تجویز بھیجنے سے پہلے پروجیکٹ کے خیالات پر تبادلۂ خیال کرنا چاہتے ہیں یا اس سے متعلق سوالات تو براہ کرم **ہرشتا با تھوال** ، پروگرام آفیسر ،آرٹس ریسرچ کو **31جولائی 2023** پیر سے پہلے harshita@indiaifa.orgپر **آرٹس ریسرچ کے لیے پروجیکٹ** کی تجویز سبجیکٹ لائن کے ساتھ لکھیں ۔

آپ اپنی حتمی تجویز تمام معاون مواد کے ساتھ جس کا سائز 25 ایم بی سے زیادہ نہ ہو ۔ایک ہی ای میل میں آن لائن ،بدھ 16اگست 2023 ,PM.11:59 (IST)سے پہلے harshita@indiaifa.orgپر جمع کرائیں

براہِ کرم خیال رکھیں کہ نامکمل تجاویز اور جودرخواست دہندگان اہلیت کے معیار میں نہیں آتے ان کو نظرانداز کیا جائے گا ۔

تمام منتخب منصوبے آئی ایف اے (IFA)کے ذریعے نافذ کیے جائیں گے۔

براہِ کرم نوٹ کریں کہ آئی ایف اے(IFA)ایک محفوظ ماحول بنانے کے لیے پرعزم ہے جو بچوں سمیت ہر کسی کو حمایت احترام اور تحفظ فراہم کرتا ہے ۔ درخواست دہندہ کو اس کا خیال رکھنا ہوگااور اس سے منسلک ہوتے ہوئے اسے برقرار رکھنا ہوگا ۔

آرٹس ریسرچ پروگرام بی این پی پر یباس انڈیا کے تعاون سے ممکن ہوا ہے ۔